4721CH21

سبق 21

# بچّے کی دعا



لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنّا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خُدایا میری

دُور دنیا کا مِرے دم سے اندھیرا ہوجائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہوجائے



© NCERT not to be republished


ہو مرے دم سے یوں ہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

زندگی ہو مری پروانے کی صورت یارب
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
درد مندوں سے، ضعیفوں سے محبت کرنا

میرے اللہ بُرائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو اس راہ پہ چلانا مجھ کو

علّامہ اقبال



© NCERT not to be republished

# مشق



## معنی یاد کیجیے

لَب : ہونٹ

تمنّا : آرزو، خواہش

شمع : موم بتی

دَم : وجود

زینت : سجاوٹ، خوبصورتی

پروانہ : چراغ یا شمع کے آس پاس اُڑنے والا پتنگا

عِلم : تعلیم، گیان

حمایت : مدد، ساتھ دینا

دَردمند : درد رکھنے والا، دکھی

ضعیف : کمزور، بوڑھا

چمن : باغ، گلشن



## ان سوالوں کے جواب دیجیے

1. پہلے شعر میں بچّہ کس بات کی تمنّا کر رہا ہے؟
2. شمع کی کیا خصوصیت ہوتی ہے؟

© NCERT not to be republished

3. وطن کی زینت سے کیا مراد ہے؟

4. بچہ کس شمع کا پروانہ بننا چاہتا ہے؟

5. بچہ کس کی حمایت اور کس سے محبت کرنا چاہتا ہے؟

## نیچے دیے ہوئے لفظوں سے جملے بنوایئے

زینت  چمن  علم  تمنّا  حمایت  ضعیف

## ان لفظوں کے واحد لکھوایئے

غریبوں  ضعیفوں  پروانے  دردمندوں  پھولوں

## ان لفظوں کے متضاد لکھوایئے

دعا  زندگی  دور  اندھیرا  محبت

غریب  برائی  نیک

## خالی جگہوں میں صحیح لفظ لکھ کر مصرعے مکمل کروایئے

زندگی شمع کی ........................ ہو خدایا میری

دور دنیا کا میرے ............... سے اندھیرا ہو جائے

ہو میرے دم سے ............... میرے وطن کی زینت

نیک جو راہ ہو اس.................... پہ چلانا مجھ کو

© NCERT not to be republished

## عملی کام



### ان لفظوں کو خوش خط لکھوائیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| صورت | شمع | اندھیرا | چمکنا | زینت |
| چمن | غریب | ضعیف | | |



### نظم کو زبانی یاد کیجیے



### علّامہ اقبال کی کوئی دوسری نظم لکھ کر لائیے

## غور کرنے کی بات

علّامہ اقبال کی اس نظم میں بچہ خدا سے دعا کر رہا ہے کہ اس کی زندگی شمع جیسی ہو جائے۔ شمع کی خوبی یہ ہے شمع دوسروں کو روشنی دیتی ہے اِس کی وجہ سے اندھیرا دوٗر ہو جاتا ہے۔ بچہ بھی علم حاصل کر اس طرح جینا چاہتا ہے کہ اس سے دوسروں کو فائدہ پہنچے، دنیا سے جہالت، تنگ نظری، ظلم اور نا انصافی کا اندھیرا دوٗر ہو۔ اس کی ذات سے وطن ترقی کرے اور اس کی خوبصورتی میں اضافہ ہو۔

© NCERT not to be republished